پریس ریلیز

کیرئیر ٹیسٹنگ سروس کے ترجمان کے مطابق، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی میں مختلف کیٹیگریز کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 9نومبر سے 17 نومبر تک امتحانات منعقد کیے گئے۔

تمام امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کیرئیر ٹیسٹنگ سروس نے مورخہ 25 نومبر 2024 کو نتائج کا اعلان کیا۔ تاہم، انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے کی وجہ سے امیدواروں کو اپنے نتائج دیکھنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ امیدواران اپنے نتائج کیرئیر ٹیسٹنگ سروس کی ویب سائٹ www.ctsp.com.pk پر چیک کرسکتے ہیں۔

اگر کسی امیدوار کو اپنے نتیجے کے حوالے سے کوئی شکایت ہو تو وہ اپنی شکایت 1 دسمبر تک کیرئیر ٹیسٹنگ سروس کے آن لائن کمپلین فارم پر درج کرنے کے پابند ہیں تاکہ ان کی شکایت کا بروقت ازالہ کیا جاسکے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کسی بھی شکایت کو زیر غور نہیں لایا جائے گا اور نہ ہی اس کا ازالہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہو گا۔ اگر درستگی کی ضرورت ہو تو وہ مروجہ قانون کے تحت مقررہ وقت میں کر دی جائے گی۔

نوٹ:۔

اسسٹنٹ لائن مین کی آسامی کے لیے کم از کم 37.5 نمبر حاصل کرنے والے امیدوار فیزیکل ٹیسٹ کے لیے اہل ہوں گے۔ فیزیکل ٹیسٹ کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا۔

کیرئیر ٹسٹنگ سروسز پاکستان (CTSP)

www.ctsp.com.pk | UN# 0311-1140666